نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: البرٹو راڈریگز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

16 مارچ 2011ء

برائے فوری اجراء

054/2011

سینیٹر جان کیری کی جانب سے پاک امریکہ تعلقات کی اہمیت کا اعادہ

واشنگٹن، 16 مارچ 2011 : امریکی سینٹ کی کمیٹی برائے خارجہ تعلقات کے چیئرمین سینیٹر جان کیری نے حکومت پاکستان کی جانب سے ریمنڈ ڈیوس کی رہائی کے بعد یہ بیان جاری کیا ہے:

''یہ ہمارے دونوں ممالک کے لیے ایک انتہائی اہم اور ضروری اقدام تھا تاکہ ہم اپنے تعلقات کو برقرار رکھ سکیں اور بنیادی قومی مفادات کے حصول پر توجہ دے سکیں، اور مجھے پاکستانی حکومت کے فیصلے سے انتہائی خوشی ہوئی ہے۔ جیسا کہ گزشتہ ماہ میں نے لاہور اور اسلام آباد کے دورے کے دوران کہا تھا کہ ہمیں انسانی جانوں کے ضیاع پر انتہائی افسوس ہے جو کہ ہمارے تعلقات میں مشکلات اور پاکستان میں ہونے والے مظاہروں کا باعث بنا، تاہم دونوں ممالک اس بات کے متحمل نہیں ہو سکتے کہ اس سانحے کے باعث ہمارے اہم تعلقات متاثر ہوں۔ ہم پاکستان کے ساتھ مل کر اپنے تعلقات کو مضبوط بنانے اور اپنے مشترکہ مسائل سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں۔''

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں